رُباعیاتِ غنی کشمیری

عادل اسیر دھلوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رُباعیاتِ غنی کشمیری

(ملا محمد طاہر غنی کشمیری کی فارسی رباعیات کا منظوم اردو ترجمہ)

(مترجم)

عادل اسیر دہلوی

ملک بک ڈپو

3212، ترکمان گیٹ، دہلی۔ 110006

E-mail:aadilaseer@hotmail.com
Mobile : (0) 98 99 711 762

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رُباعیاتِ غنی کشمیری

(منظوم اُردو ترجمہ از: عادل اسیر دہلوی)

ضعف تو بدل شکست پیکان مارا
صد کوہ الم نہادہ بر جان مارا
ہرگز نشنیدیم کہ مو درد کند
دردِ کمر تو ساخت حیران مارا

ہے ضعف سے تیرے، مرے دل میں پیکاں
تکلیف سے تیری ہوں پریشاں جاناں
بالوں میں کسی کے نہ کبھی درد سنا
تیرے دردِ کمر سے ہوں میں حیراں

کرد ست هوای هند دلگیر مرا
ای بخت رسان بباغ کشمیر مرا
گشتم زحرارت غریبی بی تاب
از صبح وطن بده تباشیر مرا

موسم نے کیا ہند کے مجھ کو دلگیر
پہنچا دے مجھے بخت تو باغ کشمیر
بے تاب ہوں پردیس کی گرمی سے میں
تو صبح وطن کی اب دکھا دے تنویر

تا فقر شده مقیم کاشانهٔ ما
از گرد امل تهی است ویرانهٔ ما
رفتن بدر خانهٔ مردم عیب است
امروز که فاقه هست در خانهٔ ما

مہمان ہوا فقر ہمارے گھر میں
ویرانہ نظر آتا ہے سارے گھر میں
ہے در پہ کسی اور کے جانا بھی گناہ
فاقہ ہے اگر آج تمہارے گھر میں

از بس که گلی نبود در گلشن ما
خاری نزده است دست در دامن ما
از چشم بد برق نترسیم که سوخت مانند
سپند دانه در خرمن ما

کثرت سے کہاں پھول ہیں گلشن میں مرے
کانٹے نہ لگے ہاتھ میں، دامن میں مرے
میں چشم بد برق سے ڈرتا ہی نہیں
مانند سپند دانہ ہے خرمن میں مرے

ای برده فرو درلب نان دندان را
از سیر خوری کرده مکدر جان را
تانیست چو صبح اشتهایت صادق
زنهار که در پیش نگیری نان را

روٹی کو ترے حرص سے کھائیں دندان
بسیار خوری سے تو ہوا ہے ہلکان
جب تک کہ نہ ہو بھوک کی شدت ظاہر
کھانے کے لیے آگے نہ رکھ ہرگز نان

ای دل نخوری فریب ارباب دغا
غافل نشوی ز دشمن دوست نما
هر چند که آستین نماید فانوس
در کشتن شمع باشدش دست رسا

اے دل تو ہر اک دوست نما سے ہشیار
دشمن ہیں ترے ، اہل دغا سے ہشیار
ہر چند محافظ کے ہے مانند اے شمع
فانوس کے تو دست رسا سے ہشیار

کی سیر ز انعام شود چشم گدا
جز فقر ندارد مرض حرص دوا
آن را که کند چشم پریدن بی تاب
خوش تر پر کاهی بود از بال هما

انعام سے بھرتی ہی نہیں چشم گدا
ہے حرص کی بیماری کی بس فقر دوا
آنکھوں کا پھڑکنا جسے بے تاب کرے
ہے بالِ ہما سے اُسے بہتر تنکا

بازار نمد پوشی ارباب ریا
گرم است گر امروز نباشد فردا
زاهد که زبوریا بدعوی برخاست
چون شعلهٔ خس زود نشیند از پا

بازار تمھارا جو یہ ارباب ریا
ہے گرم اگر آج نہ فردا ہوگا
زاہد نے اُٹھایا بوریے سے دعویٰ
پھر شعلۂ خس ہی کی طرح بیٹھ گیا

افتاده ام از درس ز درد اعضا
گوشا گردی که مالد اعضای مرا
می مالیدند تا مرا استادان
ای کاش که گوش می شدم سرتاپا

ہے جسم میں وہ درد اُٹھا سرتاپا
ہے کون دبائے جو ذرا سرتاپا
جب کرتے تھے میری گوشمالی استاد
میں کان ہی کیوں نہ بن گیا سر تاپا

دارم دردی که هست جان کاه مرا
باشد ای کاش عمر کوتاه مرا
هر چند نیست مهلک این کوفت ولی
دایم تا مرگ هست همراه مرا

وہ درد ملا جس نے کیا مجھ کو تباہ
اے کاش مری عمر بھی ہوتی کوتاہ
تکلیف تو مہلک نہیں صدمہ یہ ہے
تا مرگ ہمیشہ ہی رہے گا ہمراہ

بی فهم اگر چشم بدوزد به کتاب
نتواند دید روی معنی در خواب
کی غور کنند در سخن بی مغزان
غواصی بحر نیست مقدور حباب

نادان اگر غور سے پڑھتا ہے کتاب
معنی کا سمجھنا اُسے پھر بھی ہے عذاب
نادان نہ پہنچے گا سخن کی تہ تک
غواصی نہیں بحر کی مقدور حباب

سیل است زشوق کلبه ام گرم شتاب
آرام بباد داده این خانه خراب
تا بر لب کشتیم زند بوسه هنوز
می گردد آب در دهان گرداب

اشکوں سے ہے طوفان سا گھر کے اندر
ویرانی ہے دیوار تا در کے اندر
کشتی کو مری چومنے آیا جس دم
پانی کا بنا دہن بھنور کے اندر

خواهد دلم از سوز درون گشت کباب
کی کم شود از سعی طبیب این تب و تاب
از سوختن ایمن نه نشیند هر چند
در پای چنار باغبان ریزد آب

دل کو ہے مرے سوز دروں سے آزار
ممکن نہیں صحت مجھے، ہوں وہ بیمار
جلنے سے وہ بے خوف نہیں رہتا ہے
ہر چند کرے باغباں سیراب چنار

ای در طلب کمال سرگرم شتاب
در صورت کس مبین و معنی دریاب
هر چند عقیق است به آتش هم رنگ
دارد به دهان تشنه خاصیت آب

خواہش ہے کمال کی تمھیں پا بہ رکاب
صورت پہ نظر ہو نہ کہ معنی پہ جناب
ہر چند عقیق آئے نظر آتش رنگ
پیاسے کے لیے اس میں ہے خاصیت آب

طفلیم بجای شیر نوشیم شراب
پستان به لب ماست حباب می ناب
ما را نبود بغیر می نوشی خواب
گهوارهٔ ماست کشتی عالم آب

وہ طفل ہیں جو دودھ نہیں، پیتے شراب
پستان ہمارا ہے حباب مے ناب
مے نوشی بنا آتی نہیں ہم کو نیند
گہوارہ ہے ہم کو کشتی عالم آب

افسوس کہ رفت نشۂ عہد شباب
سرخوش نشدیم یک دم از بادۂ ناب
از بہر تماشای جہان ہمچو حباب
تا وا کردیم چشم رفتیم بخواب

افسوس کہ بے کار گیا عہد شباب
اک قطرہ بھی ہم کو نہ ملی بادۂ ناب
دنیا کا نظارا کیا مانند حباب
جب آنکھ کھلی اپنی ہوئے محو خواب

تا از رُخ خود گشادہ این چشمہ نقاب
آید بہ نظر چشمۂ خورشید سراب
بر آب روانش نبود چشم حباب
چشمی است کہ خضر دوخت از شوق بر آب

چہرے سے نقاب اُلٹی جو اُس نے بڑھ کر
خورشید کا چشمہ بھی سراب آیا نظر
چلتے ہوئے پانی پہ نہیں چشم حباب
ہیں خضر کی آنکھیں وہ رواں پانی پر

شد زال فلک از خنکی گرد عتاب
برداز رخ خوبان چمن رنگ شباب
موی سر سرو گشت از برف سفید
دارد زسیه بهار امید خضاب

سردی سے ہوا پیر فلک گرم عتاب
چہرے پہ کسی کے نہ رہا رنگ شباب
ہیں برف سے سرو کے سب بال سفید
ہے رنگ بہار سے اُسے امید خضاب

هوش است که سرمایهٔ صد درد سر است
فارغ بال آن که از جهان بی خبر است
در بیضه نمی کنند مرغان فریاد
هر چند که بیضه از قفس تنگ تر است

ہشیار کو ہے با غم دل جنگ بہت
دانا کے لیے جہاں ہے یہ تنگ بہت
بیضہ میں نہیں کرتے پرندے فریاد
ہر چند قفس سے بھی ہے وہ تنگ بہت

صد شکر کہ گلشن صفا گشت تنت
صحت گل عیش ریخت در پیرہنت
تب را بہ غلط بر تو رہ افتاد کنون
مشتی عرقی گشت و چکید از بدنت

بیماری کا جو خار تھا تن سے نکلا
تشویش کا باعث تھا چمن سے نکلا
تپ راہ بھٹک کر ترے تن میں آیا
پھر بن کے پسینہ وہ بدن سے نکلا

در گوشۂ بی تعلقی جای دل است
وا رستہ ہمیشہ در تماشای دل است
کشتی چو قلندران بہ پہلو بندد
آن را کہ ہوای سیر دریای دل است

مطلوب قناعت کا ہی گوشہ ہو جسے
مقصود سدا دل کا تماشا ہو جسے
کشتی کو قلندروں کی مانند رکھے
سیرِ دریائے دل کا سودا ہو جسے

بـر خیـز غـنـی هـوای فـروز دیـن اسـت
مـی نـوش کـه وقـت بـاده خـوردن ایـن اسـت
فـصـلـی اسـت کـه آشـیـان مـرغـان چـمـن
از کـثـرت گـل چـون سـبـد گـل چـیـن اسـت

اُٹھ جا اے غنی چھایا ہے ابرِ بہار
مے نوشی کا یہ وقت ہے ہو جا بیدار
اس وقت پرندوں کے نشیمن بھی سب
کثرت ہے وہ پھولوں کی، بنے ہیں گلزار

در بـاغ صـبـا چـو تـخـم سـر سـبـزی کـاشـت
خـاری بـسـر راهِ تـمـاشـا نـگـذاشـت
نـرگـس بـه هـوای دیـدن صـحـن چـمـن
از روزن چـشـم خـویـش کـاغـذ بـرداشـت

سبزے کا صبا نے جو دکھایا جلوہ
غائب ہوا ہر خار، چھپایا چہرہ
نرگس نے بھی دیدار چمن کی خاطر
آنکھوں پہ پڑا ہوا اُٹھایا پردہ

خورشید رُخ یار مرا منظور است
غم نیست گر از دیده سیاهی دور است
چون ماه بود به عکس مردم حالم
تا نیست سفید چشم من بی نور است

خورشید رُخ یار ہے مجھ کو منظور
کیا غم ہے جو آنکھوں سے سیاہی ہے دور
ہے مہ کی طرح میری حالت ظاہر
جب تک وہ نہیں نور، یہ آنکھیں بے نور

زد پنجه به سینه و دلم را بر دست
شادم که دل مرا بدست آور دست
اسباب جمال هر چه باید دارد
چیزی که نگار من ندارد در دست

دل چیر کے سینے سے نکالا اُس نے
ہوں شاد، مرا دل تو سنبھالا اُس نے
خوبی ہے ہر اک حسن کی اُس میں موجود
دل میں نہ کسی درد کو پالا اُس نے

سرمایۂ من در آستین دست تهی است
بر خاتم دولتم نگین دست تهی است
اهل زر و سیم تنگ دست اند غنی
دستی که فراخ است همین دست تهی است

سرمایہ سا دنیا میں نہیں دست تہی
ہے خاتم دولت کا نگیں دست تہی
اہل زر و سیم سب تو مفلس ہیں غنی
ہے کون کشادہ سا کہیں دست تہی

آن را کہ بہ کف نباشد از رزق برات
کی سعی طبیبش دهد از مرگ نجات
از عمر دمی بیش نصیبش نبود
هر چند حباب سرزد از آب حیات

جب رزق جہاں سے اُٹھ گیا ہو تیرا
کوشش سے طبیب کی نہ کچھ بھی ہوگا
اک لمحہ حباب تیری قسمت میں نہیں
ہر چند ہو آب زندگی سے پیدا

هر مرد که بازنان به خواهش بنشست
بر عارض خویش غازه از خواری بست
بنگر به نر انگشت که در پنجۂ دست
نسبت به هر انگشت فروتر بنشست

صحبت میں جو عورت کی رہا جی بھر کے
وہ ذلت و خواری سے رہے گا مر کے
تم ہاتھ میں دیکھو تو ذرا نر انگشت
پستی میں ہے واقع وہ بڑا ہو کر کے

بد گرچه دمی چند به نیکان بنشست
سر رشتۂ نیکیش نیفتاد بدست
از تیره دلی پاک نشد خاکستر
هر چند که با آتش و آئینه نشست

بد گرچہ کسی نیک کی قربت میں رہے
نیکی کا اثر نہ اُس کی قسمت میں رہے
جاتی ہی نہیں ہے راکھ کی تیرہ دلی
لاکھ آتش و آئینے کی صحبت میں رہے

ای داده ترا خدا ای بر حسن برات
لعل تو نکوتر بود از آب حیات
باشد کمرت به ز کمر های بتان
هر چند تمایز نبود در عدمات

مولا نے کیا تجھ کو عطا حسن و جمال
ہے آب حیات تیرے ہونٹوں سے نہال
کیا تیری کمر کی میں کروں اب تعریف
واقع وہ عدم میں ہی ہے مانند خیال

امروز گرت اختر طالع سپر است
در روز دگر زدشنہ خون ریز تراست
غافل منشین ز انقلاب گردون
در پردہ چو بر گشت دگر پردہ در است

قسمت ہے اگر آج بلندی پہ تری
ممکن ہے کہ کل پیش ہو خون ریزی بھی
غافل نہ ہو انقلابِ دنیا سے تو
در پردہ کا بر عکس ہے پردہ در ہی

هر کس که به کنج انزوا بنشیند
کی بر در کس چو نقش پا بنشیند
در خانهٔ خویش هر که پیوسته نشست
نقشش چو نگین در همه جا بنشیند

گوشے میں قناعت کے ہی جو قانع ہے
دروازے سے ہر ایک کے وہ مانع ہے
ہر حال جو گھر میں ہی رہا اپنے مقیم
وہ نقش نگیں کی طرح خود واقع ہے

بر غم زدگان اهل جهان می خندند
از جوش فرح بصد دهان می خندند
در بزم طرب بسان مینای شراب
مامی گریم و دیگران می خندند

ہر غم زدہ پر اہل جہاں ہنستے ہیں
صد جوش فرح سے شاداں ہنستے ہیں
اس بزم طرب میں مئے مینا کی طرح
ہم روتے ہیں اور سب یہاں ہنستے ہیں

تا چرخ فلک چو آسیا هست بگرد
چون صبح نداریم غذا جز دم سرد
ما کاسہ نداریم کہ دریوزہ کنیم
دریوزہ برای کاسہ می باید کرد

جب تک ہے فلک ہم بھی یوں ہی جائیں جیے
ہر صبح گزرتی ہے سدا آہ کیے
دریوزہ گری کو نہیں کا سہ موجود
دریوزہ گری کریں تو کاسہ کے لیے

در عشق تو تا ضعف دلم روی نمود
از چهرۂ من پرید رنگ بهبود
نتوان نفس گم شده ام پیدا کرد
افروختن چراغ آئینہ چہ سود

جب دل پہ ہوا عشق سے کچھ ضعف نمود
چہرے سے مرے اُڑ گیا رنگ بہبود
آتی نہیں کھوئی ہوئی سانسیں واپس
جلتا ہے چراغ آئینہ بے سود

در فصل بہار پارسا نتوان شد
ہم صحبت ارباب ریا نتوان شد
فیضی نبرد ہیچ کس از زاہد خشک
سیراب زموج بوریا نتوان شد

کیا فصل بہار پارسائی کا خواب
ہونا نہ ریاکار کی صحبت سے خراب
زاہد سے کسی کو نہ کبھی فیض ہوا
ہوتے نہیں موج بوریا سے سیراب

تا فصل بہار رُو بہ گلشن آورد
ہنگامۂ افسردہ دی برہم خورد
از حیرت عشق و شوخی حسن بباغ
بلبل بہ سبد گل بہ قفس باید برد

جب فصل بہاراں نے چمن پر کی نگاہ
ہنگامہ خزاں کا ہوا غائب ناگاہ
شوخی ہے غضب حسن کی اے حیرت عشق
بلبل ہے قفس میں بھی تو گل کے ہمراہ

چون در غم خورشید فغان بر خیزد
هر کس شنود از دل و جان بر خیزد
بر تربت او ز دیده می ریزم آب
شاید که ازین خواب گران بر خیزد

خورشید کے غم میں ہیں فغاں اور نالے
جو دل سے کوئی سنے تو جاں پہ بن جائے
تربت پہ بہاتا ہوں یوں اس کی آنسو
شاید کہ وہ اس خواب گراں سے جاگے

طغرا کہ بود روح کثیفش چو جسد
با صاف ضمیران شدہ دشمن ز حسد
گوید کہ برند شعرش ارباب سخن
نامش نبرند تا بہ شعرش چہ رسد

طغرا ! ہے کثافت سے بھرا تیرا جسد
ہے صاف ضمیروں کا تو دشمن بے حد
کہتا ہے مرے شعر ہیں سب کو مرغوب
وہ شعر ہی کیا نام کو کرتے ہیں رد

برخیز و بجنگ خصم شمشیر ببند
بر تیر نظر بسان زهگیر ببند
در رزم ز اسباب فراغت بگذر
پر رابکش از بالش و بر تیر ببند

دشمن سے تو جنگ کے لیے شمشیر اٹھا
ہو تیرِ نظر میں تری زہگیر چھپا
کیا جنگ میں آرام و فراغت حاصل
پر کھینچ لے تکیے میں سے اور تیر بنا

از زلف تو شانہ عاقبت دست کشید
مرغ دل عشاق زدام تو پرید
ہر چند کہ عمری ہوس روی تو داشت
گرد اندورق آئینہ چو خط تو دید

زلفوں کو تری شانہ نے آخر چھوڑا
جو دام میں تیرے تھا وہ طائر چھوڑا
دل میں تھی ہوس سبزۂ خط سے پہلے
ہم نے بھی تمنا کو تری پھر چھوڑا

چون نخل قد یار گل افشان گردد
مجلس همه رشک صحن بستان گردد
آن خرمن گل را چو در آغوش کشم
خاک تن من سفال ریحان گردد

جب نخل قد یار ہوا گل افشاں
مجلس تھی تمام رشک صحن بستاں
اس پھول کو آغوش میں جب میں نے لیا
تن من میں مرے پھیل گئی تھی ریحاں

هر کس که به خویشتن گمانی دارد
چون در نگری عیب نهانی دارد
عمریست که در باغ جهان گر دیدم
هر میوه که دیدم استخوانی دارد

جس میں بھی نقش خود گمانی پایا
دیکھا تو وہیں عیب نہانی پایا
اک عمر ہوئی باغ جہاں میں پھرتے
ہر اک میوہ کو استخوانی پایا

جز زخم ز سر تراش مستم چہ رسد
بر کاسۂ سر بجز شکستم چہ رسد
دل کیسہ بد ستگیریش دوختہ بود
ناخن نہ گرفت تا بدستم چہ رسد

حجام نے زخموں کے سوا کچھ نہ دیا
سر پر بھی شکستگی کا ہی درد ملا
ہے دل کو اعانت کی توقع کس سے؟
ناخن جو نہ لے ہاتھ نہ امید ہو کیا

از اهل سخن کس بہ قلندر نہ رسد
در شعر باو عرفی و سنجر نہ رسد
هر مصرع او بس کہ بلند افتادہ است
ترسم کہ باو مصرع دیگر نہ رسد

شاعر ہے کہاں کوئی قلندر سے بڑا
وہ شعر کہے عرفی و سنجر سے بڑا
ہر مصرعۂ اولیٰ ہی کہا اتنا بلند
اب کیا وہ کہے مصرعۂ خوش تر سے بڑا

(در حرص و هوس گوی به سبقت بردند)[1]
نامِ پدر و جد بزبان آوردند
شاید که همای دولت اُفتد در دامِ
مردم همه استخوان فروشی کردند

(دل میں بھی رکھا حرص و ہوس کو قائم)
اجداد کے نام کو پکارا ہر دم
ممکن ہے کہ پھنس جائے ہمائے دولت
لوگوں نے کی استخواں فروشی دائم

از مردن خورشید جگر ها خون شد
درد دلِ ماخسته دلان افزون شد
آسان نبود فراق ارباب کمال
خم خاک نشین در غم افلاطون شد

خورشید کے مرنے سے ہے دل میرا خوں
جو درد جگر میں تھا ہوا ہے افزوں
ارباب ہنر کی ہے جدائی مشکل
خم خاک نشیں کو ہے غم افلاطوں

[1] : یہ فارسی مصرعہ مترجم کا ہے۔

گر فیل شوی پای منه بر سر مور
غافل مشو از جوهر تیغ پر مور
عالم شده در چشم سلیمان تاریک
تا گشته عیان سیاهی لشکر مور

کمزور پہ طاقت کی دکھا کر مایا
بھولا ہے ہر اک چیز نے جوہر پایا
دنیا تھی سلیماں کی نظر میں تاریک
جب تک نہ نظر چیونٹی کا لشکر آیا

تا دین تو وا کرد بر امت در خیر
بر روئی زمین نیست نشانی از دیر
چون سایہ ذلیل گشت آن نامہ سیاہ
کز پیرویت گذشت و شد تابع غیر

جب دین کا امت پہ در خیر کھلا
دنیا میں نہ پھر باقی کوئی دیر رہا
وہ شخص ہوا سائے کی مانند ذلیل
جس نے تجھے چھوڑا پیرو غیر ہوا

جان رفت و نرفت درد جان کاه هنوز
دل نیست زخواب راحت آگاه هنوز
ما گرچه رسیدیم به منزل اما
آسایش منزل است در راه هنوز

مرنے پہ بھی باقی ہے وہ درد جاں کاہ
دل خواب سے راحت کے نہیں ہے آگاہ
منزل پہ تو ہم آگئے لیکن پھر بھی
آسائش منزل کی نہیں کوئی راہ

ای بافته از ذکر خفی دام هوس
مرغ نفست گشته گرفتار قفس
خواهی که دلت گشاده گردد چو حباب
در ترک هوا کوش نه در حبس نفس

تو ذکر خفی کو نہ بنا دام ہوس
ہے سانس ابھی تک ترا پابند قفس
دل ہوگا کشادہ ترا مانند حباب
تو ترک ہوس ڈھونڈ نہ کہ حبس نفس

ای صاحب هوش عیب می نوش بپوش
بی هوشی مردم بته هوش بپوش
بینی زکسی اگر بدی یا شنوی
در پردهٔ چشم وپردهٔ گوش بپوش

پیتا ہے اگر کوئی تو اُس کو نہ ستا
بے ہوشی پہ دنیا کی تو انگلی نہ اُٹھا
دیکھے جو برائی یا سنے کچھ غیبت
تو پردۂ چشم و گوش میں اس کو چھپا

چون قفل اگر گرفتگی گیری پیش
آخر دلت از تیر جفا گردد ریش
دادند چو صورت کلید ابرو را
پیوسته کشاده دار پیشانی خویش

تو قفل کی طرح جو رکھے گا سختی
دل ہوگا ترا تیر جفا سے زخمی
جب مثل کلید ہیں یہ ابرو تیرے
بہتر ہے کشادہ رہے پیشانی تری

ای شیفتهٔ زینت و پیرایهٔ خویش
تا چند بلند می کنی پایهٔ خویش
نفعی نتوان برد زسرمایهٔ خویش
آسوده کسی نبوده در سایهٔ خویش

دیتا ہے تجھے فریب مایہ اپنا
کتنا ہی بلند کرے تو پایہ اپنا
سرمائے سے اپنے نہ ہوا فیض کبھی
آسودگی دیتا نہیں سایہ اپنا

چون بی خرد ان بی خبر از کار مباش
سرگشته به هر کوچه و بازار مباش
ترسم که زچشم اهل بینش افتی
چون طفل سرشک مردم آزار مباش

نادان کی طرح تو بھی بے کار نہ بن
یعنی کہ تماشا سرِ بازار نہ بن
ہے خوف مجھے چشم بینش سے گرے
اے طفل سرشک، مردم آزار نہ بن

در عهد تو بس که بخت شد یار بخلق
هرگز نه دهد سپهر آزار بخلق
در باغ جهان نهال جودی که زفیض
هر روز دوبار می دهی بار بخلق

مسرور ترے عہد میں ہیں پیر و جواں
تقدیر سے دکھ درد ہوئے سب کی نہاں
اللہ کی مخلوق کو اس دنیا میں
ہر روز ہے دوبار یہاں فیض رساں

چون نیست در افتادگیم کس را شک
بر خاسته از چه رو بجنگم هریک
دعوای برابری ندارم به کسی
با خاک چرا برابرم کرد فلک

بدحالی میں جب نہیں کسی کو مری شک
رکھتا ہے ہر ایک شخص پھر کیوں چشمک
دعویٰ نہ کسی سے ہمسری کا مجھ کو
پھر خاک سے کرتا ہے برابر کیوں فلک

تا عشق مرا بعرصه آورد فلک
برداشت ز روی خوب تو پردهٔ شک
شد حسن تو از بخت سیاهم روشن
بهر زر خورشید بود سایه محک

جب عشق کی دنیا میں مجھے لایا فلک
چہرے سے اُٹھا دیا ترے پردۂ شک
روشن تو ہوا بخت سیہ سے میرے
خورشید کے زر کے لیے سایہ ہے محک

مستان همه خفته اند در سایهٔ تاک
از گرمی خورشید قیامت بی باک
دنیا گویند مزرعه آخرت است
ای شیخ بریز دانهٔ سبحه بخاک

سوئے ہوئے مستوں پہ ہے سایۂ تاک
ہیں حشر کی گرمی سے وہ بالکل بے باک
کہتے ہیں کہ مزرعہ آخرت ہے دنیا
تم دانۂ سبحہ کو ڈالو تہہ خاک

ای در غم نور دیده چشمت نمناک
یعقوب صفت جامۂ صبرت صدچاک
در ماتم فرزند مریز اشک بخاک
صد طفل مکن برای یک طفل هلاک

فرزند کے غم میں تری آنکھیں نمناک
یعقوب صفت صبر کا دامن صد چاک
تو ماتم فرزند میں آنسو نہ بہا
سو طفل نہ کر برائے اک طفل ہلاک

هر دل که بسختی است بود دایم تنگ
باشد گردون بسخت جانان درجنگ
هر کس که تواناست کشد رنج زیاد
نشتر بود از تیشه برای رگ سنگ

ہے سخت اگر دل تو رہے گا وہ تنگ
ہے پیر فلک کو سخت جاں سے ہی جنگ
جو شخص توانا ہے، اُسے رنج بہت
تیشہ کا ہی نشتر ہے برائے رگ سنگ

پیوسته بکنج انزوا در سفرم
با آن که نشسته ام زپا در سفرم
هر چند مسافتم بود یک کف دست
عمریست که همچو آسیا در سفرم

تنہائی میں ہر وقت رہا محوِ سفر
بیٹھا ہوا گوشے میں بھی تھا محوِ سفر
ہر چند مسافت ہے مری اک کفِ دست
چکّی ہو کوئی جیسے سدا محوِ سفر

هر چند که از مدرسه راهی نشدم
آگاه زیک حرف کماهی نشدم
موی سیهم سفید گردید و هنوز
واقف ز سفیدی و سیاهی نشدم

میں مدرسہ میں کبھی نہ پڑھنے کو گیا
اک حرف بھی ٹھیک سے نہ جانا حاشا
ہر چند سفید ہو گئے کالے بال
واقف نہ برائی اور بھلائی سے ہوا

صد شکر کہ از حرص و ھوا وارستم
چشم ھوس از متاع دنیا بستم
چون شکل درم بود زناخن پیدا
زد پشت بروز بی نیازی دستم

قدموں میں نہیں حرص و ہوس کی زنجیر
آنکھوں میں نہیں مال جہاں کی توقیر
ناخن نظر آتے تھے جو شکل درہم
وہ پشت پہ ہاتھوں کی بنے ہیں تصویر

ھر چند کہ برگرد جھان گردیدمام
از کس سخن ملائمی نشنیدم
شد پردۂ چشم من چو عینک سنگین
از بس کہ زخلق سخت رُوئی دیدم

دیکھا دنیا کو ایک مدت میں نے
پائی نہ کسی میں بھی شرافت میں نے
آنکھوں کا مری پردہ ہوا ہے سنگین
دیکھا جو ہر اک کو بے مروت میں نے

آن را کہ بود در ہمہ فن دست تمام
نامش نبرد زبی تمیزی ایام
طفلی کہ زبوستان بخواند ورقی
چون سرو بر آورد زموزونی نام

دنیا کے ہر اک فن میں جو ماہر ہو تمام
رکھتے نہیں کچھ ربط پھر اُس سے ایام
جو طفل کہ بوستاں سے پڑھتا ہے سبق
ہے سرو کی مانند ہی موزوں ہر نام

بر بستر ضعف، روز و شب بیمارم
از گرمی تب گداخت جسم زارم
جز نام نشان نماند از پہلوی من
اکنون گویا چو حرف پہلو دارم

کمزوری سے پیری کے میں بیمار ہوا
شدت سے یہ تپ کی ، ہمہ تن زار ہوا
جز نام و نشاں کچھ نہیں پہلو سے مرے
اب گویا حرف پہلو دار ہوا

هر چند صفات خویشتن می دانم
چون کار بدست می رسد حیرانم
القصه بدوک پیره زن می مانم
سر رشته بدست خویش و سرگردانم

واقف ہو صفات خود سے، وہ انساں ہوں
انجام سے اپنے میں سدا حیراں ہوں
میں ہاتھ میں بڑھیا کے ہوں تکلے کی طرح
سر رشتہ مرے پاس ہے، سر گرداں ہوں

کردم هر چند جستجو در عالم
یاران موافق به جهان دیدم کم
افسوس که همچو مهره های شطرنج
یک رنگ نیند هم نشینان باهم

ہر چند کہ میں نے جستجو کی ہمدم
اچھے ہوں جو دوست وہ جہاں میں ہیں کم
افسوس کہ شطرنج کے مہروں کی طرح
یک رنگ نہیں ہیں ہم نشیں بھی باہم

هر کس که هنر مند زید در عالم
هست از هنر خویش دلش راصد غم
دیدی که بوقت رشته تابی خیاط
می ساید دست از تأسف برهم

جو بھی ہے ہنر مند جہاں میں ہمدم
ہیں سینکڑوں اس کے لیے دنیا میں غم
دھاگے کو جو بٹتا ہے تو درزی دیکھو
ہاتھوں کو وہ افسوس سے ملتا ہے بہم

از صحبت هر که شد سخن چین چو قلم
چون کاغذ پیچیده بکش رُو درهم
زنهار مشو ازدو زبانان ایمنعاقل
در بیم باشد از تیغ دورم

مکار کی باتوں کا ہے سہنا دشوار
کچھ بات نصیحت کی بھی کہنا بے کار
یعنی دو زباں سے نہیں محفوظ کوئی
دو دھار کی تلوار سے رہنا ہشیار

زین کاغذ سبز داد عشرت دادم
گل گل بشگفت خاطر ناشا دم
ممنونم ازان نخل برومند که کرد
بعد از عمری ببرگ سبزی یادم

تحفہ جو ہمیں پان کا بھیجا ہمدم
ہے دل میں سرور اور خوشی کا عالم
اک پان کے ٹکڑے کی بدولت ہی سہی
مدت بعد اس کو یاد تو آئے ہم

امشب که زناز و عشوه ای لعبت چین
چون مهر جهان تاب شدی پرده نشین
تا وقت سحر بهر سراغت چون شمع
آهم بفلک دوید و اشکم بزمین

صد ناز و ادا سے جو ہوا چیں بہ جبیں
وہ مہر جہاں تاب بنا پردہ نشیں
پھر شمع کی مانند ہوئی اس کی تلاش
آہوں سے بھرا فلک تو اشکوں سے زمیں

هر چند شود دلت زخاموشی خون
زنهار مگو به هیچ کس راز درون
آن را که بود مغز و خرد خاموش است
از کاسۂ پر صدا نیاید بیرون

ہر چند خموشی سے ہو دل اپنا خوں
ہرگز نہ کہو کسی سے تم رازِ دروں
جو شخص ذہین ہے، رہے گا خاموش
پُر کاسہ سے اگر صدا نہ ہوگی بیروں

ای کرده زر و سیم ترا دشمن دین
نقش گنہ از لوح جبین تو مبین
از رو سیهی پاک نه گردی هرگز
تا سر ننهی به سجده مانند نگین

دولت نے تجھے بنا دیا دشمن دیں
ہے نقش گنہ سے تری تاریک جبیں
ہرگز نہ مٹے گی روسیاہی تیری
سجدے میں رکھا سر نہ جو مانند نگیں

جویند دوای درد از من دگران
لیکن الم من نپذیرد درمان
آری نبود شکست بازار درست
هر چند که پر زمومیائی است دکان

ڈھونڈو نہ مرے درد کا یارو درماں
مشکل ہے علاج اس کا نہیں کچھ آساں
ناممکن ہو شکست بازار درست
بھرپور ہے مومیا سے ہر چند دکاں

از خلق بگوشۂ نشستم پنهان
می گردد ازین ره سخنم گرد جهان
ترسم که دگر سخن شود گوشه نشین
از خانه برون آیم اگر همچو زبان

مخلوق سے گوشے میں ہوں چھپ کر بیٹھا
دنیا میں ہے یوں میرے سخن کا چرچا
ہو سکتے ہیں اشعار مرے گوشہ نشیں
جو گھر سے زباں کی مثل باہر آیا

گر رتبهٔ شعر خود بپرسی از من
گویم سخنی باتو مرنج ای کودن
بر هر ورقی که کردهٔ مشق سخن
چون لوح زبان بشوی از آب دهن

تنقید کا شعر پہ ہوا ہے خواہاں
تو بات کو دل پہ نہ مرنج اے ناداں
کرتا ہے تو جس صفحہ پہ یہ مشق سخن
دھونے کو اسے کام میں لے آب دہاں

گل گون تو هست بس که سرعت آئین
چون رنگ سبک می پرد از روی زمین
گردید بلند آتش غیرت برق
زین باد که جسته است از دامن زین

گل گوں ہے ترا جیسے ہوا کی رفتار
ہلکا سا کوئی رنگ صبا کی رفتار
ہوتی ہے بلند آتش غیرت برق
کیا زین سے نکلی ہے صدا کی رفتار

آن کس کہ بد زدد زقناعت پہلو
پیوستہ بود جاذب قوت از ہمہ سو
چون رشتۂ شمع سوزد از آتش حرص
در نعمت اگر فرو رود تا بہ گلو

جو شخص قناعت سے بچائے پہلو
ہے رزق کی خاطر اُسے جانا ہر سو
وہ شمع کے دھاگے کی طرح خوب جلا
کھاتا ہے جو نعمت کو سدا تا بہ گلو

ہر کس بتو از بہر پناہ آرد رُو
از ربط مخالفش تہی کن پہلو
فانوس ندارد آستین در جامہ
تا شمع زد است در دامن اُو

آتا ہے پناہ میں جو تیری ہمدم
تو دل میں نہ رکھ اس کے لیے کینہ بہم
فانوس کیوں آستیں رکھے جامہ میں
دامن میں لیا شمع کا اس نے ہر غم

ای جامهٔ فقر زیب و پیرایهٔ تو
وی شاه و گدا توانگر از مایهٔ تو
در خاتم صنع سر نزد نقش دو کون
تا صرف نشد سیاهی سایهٔ تو

ملبوس فقیری کے تو جائے میں رہا
دولت سے تونگر ہیں تری شاہ و گدا
خاتم میں ترے اُبھرا نہ نقش کونین
جب تک نہ ہوا صرف وہاں سایہ ترا

تا غنچه شد از سر دهانت آگاه
گردید زبان گفتگویش کوتاه
زد لاف ز همرنگی لعل تو نگین
اخر بدروغ روی خود کرد سیاه

غنچہ جو ہوا راز دہن سے آگاہ
دیکھو کہ ہوئی اس کی زباں ہی کوتاہ
دعویٰ جو کیا لعل نے ہمرنگی کا
اس جھوٹ سے چہرہ ہی ہوا اس کا سیاہ

ای برده جمال تو ز خورشید کلاه رخسار
تو آتش زده در خرمن ماه
از خجلت روی آتشینت یوسف
تا آب نشد برون نیامد از چاه

سورج سے بھی بڑھ کر ہے ترا حسن بلا
رُخسار سے آتش کی شب ماہ جلا
شرما کے ترے آتشیں رُخ سے یوسف
جب آب ہوا وہ تو کنویں سے نکلا

زان دم که فتاد از نظرم دور آن ماه
گم کرده ره چشم ترم طفل نگاه
از بس که گریستم به شب های فراق
گردید سواد دیده ام آب سیاه

ہے دور نگاہوں سے تو جب سے اے ماہ
صد اشک بہائے مری آنکھوں نے آہ
رویا ہوں شب ہجر میں اے دوست بہت
اشکوں کی سیاہی سے ہے اب دھندلی نگاہ

طامع کہ بملک حرص گردد راہی
در سعی عبث نمی کند کوتاہی
قارون تہہ خاک رفت از طول امل
تا بردارد درم زپشت ماہی

ہے حرص حریص کا عجب کچھ عالم
کوشش تو کبھی کرتا نہیں ہے وہ کم
دیکھو تو تہہ خاک گیا ہے قارون
تا پشت سے ماہی کی اٹھائے درہم

انگشت بہ شمع داغ من گر بنہی
قالب کنم از بیم چو فانوس تہی
شب تا خوشم ار روز بمن خوش گذرد
این است مگر حقیقت روز بہی

انگشت جو شمع داغ پر تو نے رکھی
ہوں خوف سے فانوس کی مانند تہی
ہے رات کو غم دن جو خوشی سے گذرا
کیا خوب حقیقت ہے یہ اچھے دن کی

از همره خویش گر جفا برداری
هر گام ازو فائده ها برداری
در راهِ سلوک دستگیر تو شود
آن را که زخاک چون عصا برداری

برداشت اگر کرتا ہے یاروں کی جفا
ہے فائدہ ہر گام تجھے اُس میں بڑا
وہ راہِ سلوک میں تجھے دے گا مدد
مٹی سے اُٹھایا جسے مانند عصا

ای باد صبا طرب فزامی آئی
گویا که زکوی یار مامی آئی
از کوی که برخاستهٔ راست بگو
بسیار به چشم آشنا می آئی

اے باد صبا یہ خوش گواری تیری
گزری ہے کوے یار سواری تیری
سچ سچ یہ بتا کہاں سے تو آئی ہے
صورت ہے کیوں آشنا ہماری تیری

☆☆☆

MALIK BOOK DEPOT

3212, Phatak Teliyan, Turkman Gate, Delhi - 110006

E-mail : aadilaseer@hotmail.com, aadilaseer@yahoo.co.in

(M) 0-98 99 711 762

ISBN : 81-87944-00-5 ISBN : 81-87944-01-3 ISBN : 81-87944-02-1 ISBN : 81-87944-03-X ISBN : 81-87944-04-8

ISBN : 81-87944-05-6 ISBN : 81-87944-06-4 ISBN : 81-87944-07-6 ISBN : 81-87944-08-0 ISBN : 81-87944-09-9

ISBN : 81-87944-10-2 ISBN : 81-87944-45-6 ISBN : 81-87944-12-9 ISBN : 81-87944-13-7 ISBN : 81-87944-14-5



ISBN : 81-87944-15-3 ISBN : 81-90072-30-3 ISBN : 81-87944-17-X ISBN : 81-87944-18-8 ISBN : 81-87944-19-6

ISBN : 81-87944-21-8 ISBN : 81-87944-22-6 ISBN : 81-87944-23-4 ISBN : 81-87944-24-2 ISBN : 81-88529-00-0